# محکمہ انسداد دہشت گردی، پنجاب (پنجاب پولیس)

محکمہ انسداد دہشت گردی، پنجاب (پنجاب پولیس) میں مندرجہ ذیل خالی آسامیوں پر 03 سالہ کنٹریکٹ کی بنیاد پر صوبہ پنجاب کے رہائشی امیدواران سے سادہ مجوزہ فارم پر درخواستیں معہ مکمل کوائف مطلوب ہیں۔

## اسامیوں کی کوٹہ وائز تفصیل/ مطلوبہ اہلیت

| نمبر شمار | نام آسامی | سکیل نمبر | کل تعداد آسامی | آسامی مختص برائے اوپن میرٹ کوٹہ 57% | آسامی مختص برائے اقلیتی کوٹہ 5% | آسامی مختص برائے خواتین کوٹہ 15% | آسامی مختص برائے پسر پولیس ملازمین (1 تا 5 سکیل) 20% کوٹہ | مطلوبہ عمر | تجربہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| -1 | سینیٹری ورکر (خاکروب) | 01 | 10 | 06 | 01 | 01 | 02 | 18 سے 45 سال | اپنے کام میں مہارت اور مطلوبہ تجربہ رکھتا ہو |
| -2 | لانگری | 01 | 10 | 06 | 01 | 01 | 02 | 18 سے 30 سال | اپنے کام میں مہارت اور مطلوبہ تجربہ رکھتا ہو |

## مختص کوٹہ:

حکومت پنجاب کی ہدایات اور سٹینڈنگ آرڈر نمبر 5/2017 مجاریہ آئی جی آفس کے تحت مختص کوٹہ جات کو مدنظر رکھا جائیگا۔

## شرائط:

(۱) درخواست فارم پنجاب پولیس کی ویب سائٹ www.punjabpolice.gov.pk سے Download کیے جاسکتے ہیں، علاوہ ازیں، ریجنل آفیسر سی ٹی ڈی اور ڈسٹرکٹ آفیسر سی ٹی ڈی سے بھی حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

(۲) امیدواران سی ٹی ڈی پنجاب کی جس آسامی کے لیے اپلائی کرنا چاہتے ہیں ان کی درخواست بمعہ مصدقہ نقول (سرٹیفیکیٹ تجربہ/مہارت، پولیس کریکٹر سرٹیفیکیٹ، ڈومیسائل، شناختی کارڈ اور دو عدد تازہ ترین پاسپورٹ سائز تصاویر، تعلیمی اسناد (اگر ہیں تو)) 18.07.2024 شام 05 بجے تک بذریعہ ڈاک Post Code No. 53400 بانٹاپور، لاہور/دفتر سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹر موصول ہو جانی چاہئیں، مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی اور نامکمل درخواستیں قابل قبول نہ ہوں گی۔

(۳) ہر آسامی کے لئے علیحدہ علیحدہ درخواست دینا ہوگی جس کے ساتھ تعلیمی اسناد اور ڈومیسائل کی تصدیق شدہ نقول کا لف ہونا ضروری ہے۔

(۴) کاغذات کی جانچ پڑتال سکروٹنی کمیٹی کرے گی جو کہ چیئرمین ریکروٹمنٹ بورڈ کی طرف سے تشکیل دی جائے گی۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کے بعد ٹیسٹ وانٹرویو کے اہل افراد کی لسٹ پنجاب پولیس کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ (upload) کی جائے گی جس میں ٹیسٹ/انٹرویو کی تاریخ اور جگہ کے متعلق آگاہ کیا جائے گا۔ اس ضمن میں کوئی علیحدہ اطلاع بذریعہ ای میل، ڈاک یا اخباری اشتہار کی صورت میں نہ کی جائے گی۔ امیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ پنجاب پولیس کی ویب سائٹ باقاعدگی سے وزٹ کرتے رہیں۔

## عمومی ہدایات:

(۵) صرف درج شدہ اہلیت پر پورا اترنے والے امیدواران کو ٹیسٹ/انٹرویو کے لیے بلایا جائے گا۔

(۶) سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے ملازمین اپنی درخواستیں متعلقہ محکموں کے توسط سے ارسال کریں۔ ٹیسٹ/انٹرویو کے لیے کسی بھی امیدوار کو کوئی سفری خرچ TA/DA نہ دیا جائے گا۔

(۷) بھرتی سے پہلے حکومت کی طرف سے دیے گئے قوانین وضوابط لاگو ہوں گے۔

(۸) اصل اسناد اور دیگر دستاویزات ٹیسٹ/انٹرویو کے وقت دیکھی جائیں گی۔

(۹) تمام امیدواران کو بیان حلفی جمع کروانا ہوگا کہ وہ کسی قسم کی ایف آئی آر (FIR) یا مقدمہ میں نامزد/ملوث/مطلوب نہ ہیں۔ غلط بیان حلفی جمع کروانے کی صورت میں امیدوار کو پولیس بھرتی کے لیے تاحیات نااہل قرار دے دیا جائے گا اور قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اگر کسی بھی مرحلہ پر امیدوار کی تعلیمی اسناد، ڈومیسائل، قومی شناختی کارڈ اور میڈیکل سرٹیفیکیٹ کی پڑتال کے دوران یہ کاغذات جعلی یا غیر تصدیق شدہ پائے گئے تو امیدوار کی بھرتی منسوخ کر دی جائے گی اور قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(۱۰) کامیاب امیدوارن کو پنجاب کے کسی بھی حصے میں تعینات کیا جاسکتا ہے۔

(۱۱) مجاز اتھارٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ جو کسی عدالت یا فورم پر چیلنج نہ کیا جاسکے گا۔ محکمہ کو اختیار ہوگا کہ وہ اس اشتہار کو جزوی یا کلی طور پر منسوخ کرے۔

(۱۲) صرف صوبہ پنجاب کے ڈومیسائل کے حامل امیدوار ہی اہل ہونگے، امیدواران جس کوٹہ پر اپلائی کریں گے اسے لازمی منتخب کریں گے ورنہ ان کو اوپن میرٹ پر تصور کیا جائے گا، عمر کی حد میں قانون کے مطابق رعایت دی جائے گے۔

(۱۳) حاضر سروس وریٹائرڈ ملازمین (سکیل نمبر 1 تا 5) محکمہ پولیس پنجاب کے بچوں کے لیے 20% کوٹہ مختص کیا گیا ہے تاہم ایسے امیدوران کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی درخواست کے ساتھ متعلقہ آفس کا جاری کردہ سرٹیفکیٹ لف کریں۔

(۱۴) صرف مجوزہ درخواست فارم پر ہی درخواست قبول کی جائیگی۔

(۱۵) کامیاب امیدوران کی تصدیق چال چلن بذریعہ پولیس، سپیشل برانچ اور سی ٹی ڈی پنجاب عمل میں لائی جائے گی اور کسی ایک کی بھی عدم اعتمادی رپورٹ پر امیدوار کو نااہل سمجھا جائے گا۔

(۱۶) تمام امیدوران سیکورٹی SOPs کے پابند ہونگے۔

(ایس ایس [illegible] ریشن)

محکمہ انسداد دہشت گردی، پنجاب